ماڈل پیپر اسلامیات اختیاری نہم

سیکشن۔الف

کل نمبر 15

1۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام کا حضرت دحیہ کلبیؓ کی صورت میں آنا: وحی کی قسم ہے:

الف) صلصلۃ الجرس

ب) تمثیل ملک

ج) القائے قلب

د) کلامِ الہیٰ

2۔ عہد نامہ جدید سے مراد ہے:

الف) تورات

ب) زبور

ج) انجیل

د) صحفِ ابراہیم

3۔ جب نبی کریم ﷺ پر پہلی وحی نازل ہوئی تو اس وقت قریش میں پڑھے لکھے افراد کی تعداد تھی:

الف) دس

ب) سترہ

ج) پچیس

د) چالیس

Result.pk

4۔ لفظ عبادت کا مادہ ہے:

الف) ب ع د

ب) ع ب د

ج) د ب ع

د) ب د ع

5۔ وہ علم جس کے ذریعے راویان حدیث کے نام محفوظ کئے گئے ہیں :

الف) علم الکلام

ب) علم الفقہ

ج) علم اسماء الرجال

د) علم التجوید

6۔ آیت جو انسان کے حسین ترین ہونے پر دلالت کرتی ہے:

الف) لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ فِي أَحْسَنِ تَقْوِيمٍ

ب)خَلَقَ الْإِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ

ج) أَنْ خَلَقَكُمْ مِنْ تُرَابٍ

د)وَإِنَّكَ لَعَلى خُلُقٍ عَظِيمٍ

7۔اولوالارحام سے مراد ہے:

الف) خونی رشتہ دار

ب) والدین

ج) دوست

د) اجنبی

8۔اتقواالنارولوبشق تمرۃ ہے:

الف)حدیث قولی

ب) حدیث فعلی

ج)حدیث تقریری

د)حدیث قدسی

Result.pk

9۔حدیث کی وہ کتاب جس میں صرف ایک مسئلہ کے متعلق احادیث جمع ہوں:

الف)جامع

ب) مسند

ج) جزو

د)مفرد

10۔امام مالک کی مشہور کتاب ہے:

الف)الأُم

ب)المبَسوط

ج)المئوطا

د)الخراج

11۔اصل،فرع،علت،حکم،ارکان ہیں:

الف)سنت کے

ب)اجماع کے

ج)قیاس کے

د)عرف کے

12۔ اسلامی تہذیب میں انسانی فضیلت کا معیار ہے:

الف) دولت

ب) عہدہ

ج) خاندان

د) تقویٰ

13۔ ظلم کے کاموں میں اپنی قوم کی حمایت کرنا، کہلاتا ہے:

الف) عصبیت

ب) رواداری

ج) تکبر

د) بخل

14۔ کَتَبَ کے معنیٰ ہیں:

الف) میں نے لکھا

ب) اس نے لکھا

ج) تُو نے لکھا

د) سب نے لکھا

Result.pk

15۔ اسم ضمیر کی مثال ہے:

الف) هٰذا

ب) الذی

ج) تِلک

د) اَنتَ

سیکشن۔ ب

کل نمبر36

نوٹ: کوئی سے 9 سوالات کے جوابات دیں۔ ہر سوال کے نمبر برابر ہیں۔

1۔ شرعی اصطلاح میں وحی کی تعریف کریں۔ نبی کریم ﷺ پر نزولِ وحی کے طریقوں کے نام لکھیں۔ 1+1+2

2۔ نبی کریم ﷺ کے دور میں جن چار اشیائ پر وحی لکھی جاتی تھی، ان کی وضاحت کریں۔ 1+1+1+1

3۔ عبادت کا لغوی اور اصطلاحی مفہوم تحریر کریں۔ 2+2

4۔ حقوق اللہ اور حقوق العباد سے کیا مراد ہے، ایک ایک مثال بھی لکھیں۔ 1+1+1+1

5۔ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيرًا: آیت کریمہ کا ترجمہ اور مفہوم تحریر کریں۔ 2+2

6۔ حدیث کا اصطلاحی مفہوم لکھیں۔ حدیث قولی اور حدیث تقریری سے کیا مراد ہے؟ 1+1+2

7۔ قیاس کی تعریف کریں۔ قیاس کے کوئی سے دو ارکان کے نام لکھیں۔ 1+1+2

8۔ تہذیب کسے کہتے ہیں۔ اسلامی تہذیب کی دو خصوصیات کے نام لکھیں۔ 1+1+2

9۔ اسلامی اخوت سے کیا مراد ہے۔ اسلامی اخوت کے کوئی سے دو فائدے لکھیں۔ 1+1+2

10۔ اُمت اجابت اور اُمت دعوت میں کیا فرق ہے؟ 2+2

11۔ امت مسلمہ کی چار امتیازی خصوصیات لکھیں۔ 1+1+1+1

12۔ **دَخَلَ زَيدُ فِي المَسجد** :اس جملے میں سے اسم، فعل اور حرف کو الگ الگ کریں۔ 1+1+1+1

سیکشن۔ ج

کل نمبر24

Result.pk

نوٹ: کوئی سے 3 سوالات کے جوابات دیں۔ ہر سوال کے نمبر برابر ہیں۔

1۔ لَقَدْ مَنَّ اللَّهُ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ إِذْ بَعَثَ فِيهِمْ رَسُولًا مِنْ أَنْفُسِهِمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِهِ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ۔ آیت کریمہ کا ترجمہ کریں اور آیت کریمہ کی روشنی میں بعثتِ نبوی ﷺ کے مقاصد تحریر کریں۔ 4+4

2۔ عن انس رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ ان من اشراط الساعۃان یرفع علم و یثبت الجھل و یشرب الخمر و یظھرالزنا۔ حدیث مبارکہ کا ترجمہ لکھیں۔ موجودہ معاشرے میں پائے جانے والی برائیوں میں چار بیان کریں۔ 4+4

3۔ پانچ مشہور فقہی مکاتب کے نام لکھیں۔ کوئی سے تین فقہی مکاتب کا مختصر تعارف لکھیں۔ 3+5

4۔ اخلاق کی اصطلاحی تعریف کریں۔ اخلاق حسنہ اور اخلاق سیّہ میں کیا فرق ہے؟ اخلاق کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کی دو احادیث کا ترجمہ لکھیں۔ 2+2+1+1+2